سوال

(83) اللہ اور فرشتوں کا آپ ﷺ پر درود

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ اور فرشتے آخری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کونسا درود پڑھتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالعالیہ الریاحی رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا ہے :

''ان الصلاة اللہ سبحانہ وتعالیٰ ثناوہ علیہ عند ملائکتہ وصلوۃ الملائکۃ الدعاء'' (صحیح البخاري کتاب التفسیر فی ترجمۃ الباب ((ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی) (بحوالہ فتح القدیر امام شوکانی (4/301)

یعنی ''اللہ سبحانہ کی صلوٰۃ سے مقصود یہ ہے کہ اللہ اپنے فرشتوں کے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کرتا ہے اور فرشتوں کی صلوٰۃ دعا ہے۔''

یعنی ''فرشتوں کا اللہ سے رحمت کی زیادتی طلب کرنا۔'' (فتح الباری)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص261

محدث فتویٰ